# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ مطالعات بین المذاہب)

**کورس: سیرت رسول ﷺ کی روشنی میں بین المذاہب ہم آہنگی (4954)** **سمسٹر: خزاں، 2026ء**

**سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ)** **خط برائے طلبہ** **کریڈٹ: 3**

عزیز طلبہ ! **السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ:**

**امید ہے کہ آپ بعافیت ہوں گے۔ آپ کے کورسز کے ساتھ آپ کو مشقی سوالات بھی بھیجے جا رہے ہیں۔ آپ مشق حل کرنے کے سلسلے میں مندرجہ ذیل امور کا خاص خیال رکھیے۔**

☆ یونی ورسٹی کی نئی پالیسی کے مطابق امتحانی مشق کمپوز کر کے جمع کروانا ضروری ہے، اس سلسلے میں درج ذیل امور کا خیال رکھیے:

1. مشق حل کرنے سے پہلے سوال اچھی طرح پڑھ اور سمجھ لیجیے۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیجیے۔
2. جوابات تحریر کرنے سے قبل کتب کا بار بار مطالعہ کر کے اس سے جواب اخذ کیجیے۔
3. جوابات تحریر کرنے کے لیے صرف درسی کتاب پر اکتفا نہ کیجیے بلکہ کتاب میں مذکور امدادی کتب اور دیگر مستند اور مفید کتب سے بھی ضرور استفادہ کیجیے۔
4. جواب اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔ اگر کہیں اقتباس دینا ضروری ہو تو اس کا (تحقیقی انداز میں) حوالہ حاشیے میں دیجیے۔ اگر کسی ماخذ سے حاصل شدہ معلومات اپنے الفاظ میں لکھ رہے ہیں تو بھی مکمل حوالہ دیجیے۔
5. امتحانی مشق کی کمپوزنگ میں اردو کے لئے اردو رسم الخط کا فونٹ منتخب کیجیے۔
6. عربی عبارات کے لئے عربی فونٹ استعمال کیجئے۔
7. امتحانی مشق کے ہر صفحہ پر اپنا نام، رول نمبر اور رجسٹریشن نمبر لازمی درج کیجیے۔
8. جواب لکھنے کے بعد نظر ثانی کیجیے۔ قرآنی آیات، احادیث نبویہ اور املاء کی غلطیاں ناقابل قبول ہیں۔
9. امتحانی مشق مکمل کرنے کے بعد مکمل مشق کو پی ڈی ایف (PDF فارمیٹ جو کہ 5MB سے زیادہ نہ ہو) میں منتقل کر کے ایل ایم ایس (LMS) اکاؤنٹ کے ذریعے اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بر وقت ارسال کیجیے۔ (امتحانی مشق الگ سے ڈاک میں بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے)۔

☆ کسی معاملے میں کوئی مشکل درپیش ہو یا ابہام ہو تو اپنے ٹیوٹر کو براہِ راست یا ہمیں خط لکھ کر وضاحت حاصل کر لیجیے۔

☆ کورس کے حوالے سے تعلیمی رہنمائی کے لیے اپنے ٹیوٹر سے رابطہ کیجیے۔ کورس کے اختتام پر اپنی رائے اور تجاویز رابطہ کار کو ضرور ارسال کیجیے۔ محبت اور دعاؤں کے ساتھ۔

والسلام
ڈاکٹر حافظ محمد فاروق عبد اللہ
کورس رابطہ کار

# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی و علومِ اسلامیہ

(شعبہ مطالعات بین المذاہب)

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:**

**1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔**

**2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

**کورس: سیرت رسول ﷺ کی روشنی میں بین المذاہب ہم آہنگی (4954)** — **سمسٹر: خزاں، 2026ء**

**سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ)** — **کریڈٹ: 3**

کل نمبر: 100 — کامیابی کے نمبر: 50

# امتحانی مشق نمبر 1

## (یونٹ نمبر 1–4)

سوال نمبر 1۔ عالمگیر انسانی مساوات، انسانوں کی جان، مال اور آبرو کی حفاظت سے متعلق اسلامی تعلیمات بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ غیر مسلموں کے ساتھ پُرامن بقائے باہمی کی تعلیمات کی قرآن و سنت کی روشنی میں وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ غیر مسلموں کے مذہبی مقدسات کے احترام سے متعلق اسلامی تعلیمات کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ تجارت کی فضیلت اور اہل کتاب سے معاملات کا اسلام کی روشنی میں جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ اسلامی ریاست میں غیر مسلموں کو مذہبی آزادی، اور غیر مسلم عبادت گاہوں و مذہبی رہنماؤں کے تحفظ سے متعلق تعلیمات پر روشنی ڈالیں۔ (20)

کل نمبر:100　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 2

## (یونٹ نمبر 5-9)

سوال نمبر 1۔ صلح حدیبیہ کا پس منظر اور اہم نکات کو اجاگر کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ قیدیوں کے باہمی تبادلے سے متعلق احکام اور بغیر عوض رہائی کی تفصیلات بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ مکتوب گرامی بنام کسریٰ، شاہ فارس پر روشنی ڈالیں اور اس کے نتائج بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ ہندوؤں اور سکھوں کے ادب میں اخلاق نبوی ﷺ کی مفصل وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ مریم جمیلہ کی حیات و خدمات پر مفصل وضاحت کریں۔ (20)